## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے
## موضوع: "کرونا وائرس"

# کورونا وائرس سے متعلق معلومات کے حوالے سے 68% پاکستانی ڈاکٹر کے مشورے کو سب سے زیادہ قابل اعتماد سمجھتے ہیں۔ صرف 5% پاکستانی سیاستدان کے مشورے کو سب سے قابل اعتماد سمجھتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان ہفتہ وار کورونا وائرس پرسیپشن ٹریکر)،**

اسلام آباد، 18 مئی، 2020

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، کورونا وائرس سے **متعلق معلومات** کے حوالے سے 68% پاکستانی ڈاکٹر کے مشورے کو سب سے زیادہ قابل اعتماد سمجھتے ہیں۔ صرف 5% پاکستانی سیاستدان کے مشورے کو سب سے قابل اعتماد سمجھتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **" آپ ان میں سے کس کے کرونا وائرس کے حوالے سے دیے گئے مشورے پر سب سے زیادہ یقین کریں گے ؟"** ۔اس سوال کے جواب میں 68% جوابدہندگان کے مطابق وہ کرونا وائرس کے حوالے سے ڈاکٹروں کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے، 11% جوابدہندگان کے مطابق وہ مذہبی رہنماؤں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے ،5% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے ، اور 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس کے حوالے سے دیگر ذائعوں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے۔


## صنف کی بنیاد پر نتائج : مرد حضرات کی نسبت خواتین کی بھاری اکثریت کے مطابق وہ ڈاکٹر پر اعتماد کرتے ہیں۔

کل جواب دہندگان میں سے، 62% مرد حضرات کے مطابق وہ کسی ڈاکٹر کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے، جبکہ 73% خواتین نے اسی رائے کا اظہار کیا۔ مرد حضرات اور خواتین کی برابر شرح 5% کے مطابق وہ کسی سیاستدان کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے۔ 9% مرد حضرات اور 13% خواتین کے مطابق وہ کسی مذہبی رہنما کے مشورے پر اعتماد کریں گے۔

## عمر کی بنیاد پر نتائج : **30** سے **39** سال کی عمر کے جوابدہندگان سب سے زیادہ ڈاکٹروں کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے۔


کل جواب دہندگان میں سے، 30 سال سے کم عمر کے جوابدہندگان میں 65% جوابدہندگان کے مطابق وہ ڈاکٹروں کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے، 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ مذہبی رہنماؤں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے ،4% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے ، اور 15% جوابدہندگان کے مطابق وہ دیگر ذائعوں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے۔ 30 سے 39 سال کی عمر کے جوابدہندگان میں سے، زیادہ 73% جوابدہندگان کے مطابق وہ ڈاکٹروں کے مشورے پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے، 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ مذہبی رہنماؤں پر ،12% جوابدہندگان دیگر ذائعوں پر ، اور 6% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر سب سے زیادہ اعتماد کریں گے۔

" آپ ان میں سے کس کے کرونا وائرس کے حوالے سے دیے گئے مشورے پر سب سے زیادہ یقین کریں گے ؟"





*Source: Gallup Pakistan Coronavirus Attitude Tracker Survey 2020, Wave 4*
*Fieldwork conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

# صنف کی بنیاد پر نتائج




# عمر کی بنیاد پر نتائج




اس مطالعے کو گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن نے جاری کیا اور یہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے گیلپ پاکستان کورونا وائرس اٹیٹیوٹ ٹریکر سروے 2020، ویو 4 کے ایک حصے کے طور پر، ٹیلیفون کے ذریعے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1500 مرد و خواتین سے 14 اپریل تا 24 اپریل 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

**Monday, 18 May 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll 2020

celebrating 40 years of Gallup Pakistan (1980-2020)